© rasailojaraid.com



مجموعہ مستند حوالہ جات کے ساتھ مرتب کیا جو کہ ہر خاص و عام کیلئے سفری مسائل میں بہت ضروری اور مفید و کار آمد ہے۔ دارالعلوم حقانیہ کے نائب مہتمم استاذنا المحترم مولانا حافظ محمد انوار الحق مدظلہ نے اپنے تقریظی کلمات میں اپنے تاثرات یوں رقم فرمائے ہیں : "مسلم معاشرہ سے تعلق رکھنے والے اکثر و بیشتر مسلمانوں کے عمل کا اکثر حصہ سفر اسفار کے جھملیوں میں گزر رہا ہے اس دوران بسا اوقات ایک دیندار مسلمان مسائل و احکام سفر سے بے خبر رہنے کی وجہ سے پریشانی و اضطراب کا شکار رہتا ہے جس کے ازالہ کیلئے ایک مختصر مگر جامع ایسے رسالہ کی اشد ضرورت تھی۔ اس اشد ضرورت کو مولانا مفتی غلام قادر نعمانی صاحب نے پورا کر کے یہ رسالہ مرتب کر کے کافی حد تک سفر میں مبتلا مسلمانوں کے مشکل کو آسان کر دیا ہے۔

درسول اللہ ﷺ موځ (پشتو)۔ تالیف : مولانا مفتی محمد ولی صاحب درویش' استاذ جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی۔ ضخامت : ۳۷۲ صفحات۔ قیمت : درج نہیں۔
ناشر : اسلامی کتب خانہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی۔

کتاب کے مصنف مولانا مفتی محمد ولی صاحب درویش نے زیر نظر کتاب پشتو میں تصنیف کر کے ایک دیرینہ ضرورت کی تکمیل کر دی۔ کتاب میں حضور ﷺ کا طریقہ نماز اور نماز کے متعلق جملہ مسائل بیان کئے گئے ہیں اور اسکے ساتھ ساتھ بعض غیر مقلدین حضرات کے شبہات کی تردید بھی کی ہے اور انہوں نے احناف کے طریقہ نماز پر جو بے جا سوالات کئے ہیں ان کے شافی جوابات دیئے گئے ہیں۔ غیر مقلد عبدالعزیز نورستانی نے "د پیغمبرؐ موځ" نامی کتاب میں حنفی مذہب کے مطابق نماز پڑھنے کے بارے میں لوگوں کے دلوں میں شکوک ڈالنے کی جو کوشش کی ہے اور جو غلط بیانیاں کی ہیں اس کے دامن تزویر کے بخیے بھی ادھیڑ لئے ہیں۔ الغرض کتاب نماز اور اس کے مسائل کے سمجھنے کیلئے ایک مختصر دائرۃ المعارف ہونے کے ساتھ ساتھ بعض دیگر مسائل کے متعلق بھی کافی مواد موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کی اس سعی کو مشکور فرمادے اور اس کو قبولیت عامہ سے نوازے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



© rasailojaraid.com